لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ ماہ صفر سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۸ ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر منشی محمد فاروق صاحب - بی - اے	۱
۲	اجازت آمد و رفت بلا اجازت اندرون احاطہ کچہری	۲
۳	رخصت سجاد حسین ہیڈ کانسٹبل پولیس	۲
۴	رخصت نائب تحصیلدار بلاسپور	۲
۵	عطاء عارضی اختیارات پر منشی محمد حبیب اللہ خان صاحب	۲
۶	رخصت دیبی پرشاد اہلمد خزانہ	۲
۷	نقشہ نرخ غلہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۲۶ ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت و تجارت بابو محمد فاروق حسین بی اے کا تقرر بعہدہ سپرنٹنڈنٹ دفتر بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار و ترقی دس روپیہ سالانہ تا ایک سو پچاس روپیہ ماہانہ بشرائط حکم ۲۷ اگست ۱۹۲۳ء ۱۳ ستمبر ۱۹۲۳ء سے منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۵؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

مع نقل تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر - مرسلہ ۱۷؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

بخدمت شریف صاحب ریونیو سکریٹری بہادر -

جناب من - صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے ڈی او ۱۴؍ جون ۱۹۲۳ء سے صافہ باندھنے کا حکم واضح ہو کہ حدود خاص باغ اور قلعہ معلے میں بلا صافہ کوئی نہ آئے - اور دفاتر میں افسران و اہلکاران وغیرہ صافہ باندھ کر آیا کریں یہ حکم نہیں ہو کہ احاطہ کچہریات میں بھی کوئی شخص بلا صافہ داخل نہو - عرضی دعوے یا ودیہاتی کے نام سے جو شامل ہوئے ہیں یہ شکایت بھی ہو کہ اجلاس کے سامنے بھی کوئی بلا صافہ نکلتا ہو تو نہیں نکلنے دیتے -

لہذا براہ مہربانی ایسا انتظام فرما دیا جائے کہ رعایا پریشان نہو - کیونکہ حکم کچہریات میں بلا صافہ آنیکی کوئی ممانعت نہیں ہو - البتہ حکام کے اجلاسوں میں علاوہ ان صاحبان کے جو مستثنٰی ہیں اور کوئی اہلکار یا اہل معاملہ وغیرہ بلا صافہ نہ آئیں -

ایک ایک نقل اسکی جملہ دفاتر میں برائے تعمیل بمنشاء ردی ار جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر صدر سے جاری ہوں -

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۹؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس - سجاد حسین ہیڈ کانسٹبل کو تین مہینے کی رخصت بوضع کل تنخواہ منظور کی گئی -

رخصت

یکم اکتوبر ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور - سید غلام تقی نائب تحصیلدار بلاسپور کی رعایتی رخصت بشش یوم بسبب یادتی کار تحصیل بوجہ علالت و اغراض ذاتی یوم استفادہ سے منظور ہوئی -

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

عطاء اختیارات

۲۹؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

محمد حبیب اللہ خانصاحب اسسٹنٹ حاکم صدر کو جو برائے سرانجام و انصرام کار تحصیلداری بوجہ علالت تحصیلدار صاحب ملک ایک ہفتہ کیواسطے مقرر ہوئے ہیں اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم و منصفی درجہ اول پرگنہ ملک کے عارضی طور پر دیئے گئے

ملخص حکم اجلاس صاحب فائننس سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴؍ ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب سفارش دیوان صاحب صدر - منشی دیبی پرشاد اہلمد خزانہ کی رعایتی رخصت یکماہ بکارگذاری منوہن لال منظور کی گئی -

سرکاری پریس ریاست رامپور میں طبع ہو کر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۳۰؍ ستمبر لغایت ۶؍ اکتوبر ۱۹۲۳ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ: تعداد بارش	صدر عالیہ: تا حال	تحصیل بلاسپور: تعداد بارش	تحصیل بلاسپور: تا حال	تحصیل سوار: تعداد بارش	تحصیل سوار: تا حال	تحصیل شاہ آباد: تعداد بارش	تحصیل شاہ آباد: تا حال	تحصیل ملک: تعداد بارش	تحصیل ملک: تا حال	تحصیل ٹانڈہ: تعداد بارش	تحصیل ٹانڈہ: تا حال
۳۰؍ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم یکشنبہ	۱۴	۳۱۰	۲۵	۵۰۲	۳۰	۲۴۳	۱۲	۲۶۸	۱۹	۲۸۸	۲۱	۲۴۳
یکم اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم دوشنبہ	۱	۳۱۱	۱۰	۵۱۲	۲	۲۴۵	۰	۲۶۸	۳	۲۹۱	۵	۲۴۸
۲؍ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم سہ شنبہ	۱½	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۳	۲۴۸	۰	۲۶۸	۰	۲۹۱	۳	۲۵۱
۳؍ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم چہارشنبہ	۰	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۰	۲۴۸	۰	۲۶۸	۰	۲۹۱	۰	۲۵۱
۴؍ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم پنجشنبہ	۰	۳۱۲½	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۹۱	۰	۲۵۱
۵؍ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم جمعہ	۰	۳۱۲½	//	۰	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۵۱
۶؍ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم شنبہ	۰	۳۱۲½	//	۰	//	۰	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے یکم لغایت ۷؍ اکتوبر ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۔/۱۰/۷	۔/۱/۷		۔/۱/۷	۰	۔/۱۰/۷	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۔/۱۳	۔/۱/۱۴		۔/۱/۱۴		۔/۱/۱۴	
نخود کشتہ آمیز	۔/۱۵	۔/۱۵		۔/۱۶	۰	۔/۱۶	
[illegible]	۔/۱۶	۔/۱۶		۔/۱۶		۔/۱۰/۱۶	
[illegible]	۔/۱/۷	۰		۰		۔/۱۰/۸	
[illegible]	۔/۱۰/۷	۰		۰		۔/۸	
مکا	۔/۱۳	۰		۰		۔/۱۴	
جنی	۔/۱۵	۰		۔/۱۰/۱۶		۔/۱۲	
کوتجی	۔/۱۳	۰		۰		۔/۱۲	
عدس	۔/۱۲	۰		۰		۔/۱۲	
ارہر	۰	۰		۰		۔/۱۲	
برنج	۔/۴	۔/۴		۔/۴		۔/۵	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۲ چھٹانک		۲ چھٹانک		۲ چھٹانک	
روغن سیاہ	۔/۱/۱	۔/۱/۱		۔/۱/۱		۔/۳	
روغن کنجد	۔/۲	۔/۱/۱		۔/۲		۔/۱/۱	
نمک سانبھر	۔/۵	۔/۴		۔/۴		۔/۸	
نمک لاہوری	۔/۶	۔/۶		۔/۵		۔/۷	
[illegible]	۔/۵	۔/۴		۔/۳		۔/۳	
[illegible]	۰	۰		۰		۰	